09-07-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ دسمبر 2025ء سے قبل کلوا کرتی لفٹ اریگیشن پراجکٹ کے کاموں کو تکمیل تک پہنچائیں۔

۲۔ ریاستی حکومت سلف ہلپ گروپس کو بینک کے ذریعہ اس سال خواتین انٹرپینرس کو بڑھاوا دینے کے لئے 20 ہزار کروڑ روپے کے قرض فراہم کرے گی۔

۳۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سابق وزیر کے تارک راما راؤ نے کانگریس پارٹی پر ایک بار پھر انحراف کی سیاست کا الزام لگایا۔

اور

۴۔وزیراعلی اے ریونت ریڈی نے کرکٹر محمد سراج کو حالیہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں ان کے بہترین مظاہرہ پر سرکاری نوکری اور رہائشی پلاٹ مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے تمام ریاستوں اور مرکز زیرانتظام علاقوں میں نظام تعلیم کو مضبوط کرنے اور مشترکہ طور پر کام کرنے کا عزم ظاہر کیا۔نئی دہلی میں آج ریاستوں اور مرکز زیرانتظام علاقوں کے محکمہ تعلیم وخواندگی کے جائزہ میٹنگ کے افتتاحی اجلاس سے وہ خطاب کرر ہے تھے۔اس موقع پر اسکولی تعلیم میں ترقی کے ضمن میں آئندہ پانچ سالوں پر روٹ میپ دھرمیندر پردھان نے پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ تعلیم وزیراعظم نریندر مودی کے ویژن وکست بھارت کا اہم ستون ہے۔انہوں نے اس موقع پر ریاستوں اور مرکز زیرانتظام علاقوں کو یہ نشانہ حاصل کرنے کے لئے مل کر مشترکہ طور پر کام کرنے کی پیشکش کی۔

☆☆☆

ریاستی بی جے پی مہیلا مورچہ نے آج اندرا پارک کے دھرنا چوک پر ریاستی کانگریس حکومت کی جانب سے انتخابات میں کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاجی دھرنا منظّم کیا۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر انتخابات سے قبل کئے گئے وعدوں کو مکمل نہ کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کی تلنگانہ حکومت انتخابات سے قبل کئے گئے گیارنٹیوں کو پورا نہ کرتے ہوئے عوام کو دھوکا دیا ہے۔بی جے پی مہیلا مورچہ کی جانب سے یہ احتجاج کانگریس کی نامکمل گیارنٹیوں کے عنوان سے کیا گیا تھا،جس میں کانگریس کی حکومت کی جانب سے ان وعدوں کو اجاگر کیا گیا جو پورے نہیں کئے گئے ہیں،جس میں خواتین کے لئے ماہانہ ڈھائی ہزار روپے مالی امداد، پانچ سو روپے میں پکوان گیس، سالانہ فصلوں پر کسانوں کو پندرہ ہزار روپے اور 18 سال عمر مکمل کرنے والی لڑکیوں کو ٹو وہیلر گاڑیوں کی تقسیم جیسے وعدے شامل ہیں۔ کشن ریڈی نے اس موقع پر نئے راشن کارڈ کی اجرائی، خواتین کے لئے ڈھائی ہزار روپے ماہانہ مالی امداد کے علاوہ کسانوں اور کرایہ دار کسانوں کی مالی امداد جیسے وعدوں پر عمل آوری نہ کرنے کا حکومت پر الزام لگایا۔انہوں نے کانگریس حکومت پر قرض حاصل کرنے اور دوسری طرف اہم مسائل جیسے غیر قانونی بیلٹ شاپس،خواتین کی عصمت ریزی کے واقعات پر توجہ نہ دینے کا بھی الزام لگایا۔اِس احتجاجی دھرنے کی قیادت صدر ڈاکٹر شلپا ریڈی نے کی۔

☆☆☆

ڈی ایس سی امتحان تین ماہ تک ملتوی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے شہر حیدرآباد کی عثمانیہ یونیورسٹی میں کل شب طلبہ کی بڑی تعداد نے احتجاج کیا۔ان طلبہ نے کہا کہ ڈی سی ایس امتحان 18 جولائی اور 5 اگست کو ہونے والا ہے جبکہ گروپ 2 امتحان 7 اگست اور 8 اگست کو مقرر ہے۔انہوں نے کہا کہ امتحان کی تیاری میں ان کو دشواری ہورہی ہے اسی لئے ڈی ایس سی امتحان تین ماہ کیلئے ملتوی کیا جائے۔اس احتجاج کی اطلاع کے ساتھ ہی پولیس وہاں پہنچ گئی جس کے ساتھ مظاہرین کی بحث وتکرار ہوگئی۔ان احتجاجی طلبہ نے کہا کہ کانگریس حکومت نے دولاکھ ملازمتوں کی فراہمی کا انتخابی وعدہ کیا تھا۔انہوں نے طنزیہ طور پر کہا کہ یہ کانگریس حکومت بے روزگاروں کو یہ تحفہ دے رہی ہے۔اس اچانک احتجاج سے کچھ دیر کیلئے کشیدگی پھیل گئی۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ جناب اے ریونت ریڈی نے کرکٹر محمد سراج کو ان کی غیر معمولی کرکٹ کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہوئے ایک سرکاری نوکری اور رہائشی پلاٹ مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ تیز گیند باز محمد سراج کے لیے موزوں پلاٹ کی نشاندہی کریں محمد سراج نے نہ صرف ملک بلکہ ریاست تلنگانہ کا نام بھی اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کے ذریعہ روشن کیا ہے۔ وہ کافی عرصے سے بین الاقوامی کرکٹ میں اپنے مضبوط نقش چھوڑ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے یہ اعلان بروز منگل کو محبوب نگر کے اپنے طے شدہ ضلعی دورے پر روانہ ہونے سے پہلے کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے سی ایم او عہدیداروں کو اس سلسلے میں ضروری انتظامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ عہدیداروں سے کہا جائے کہ وہ مناسب اراضی کی نشاندہی کریں اور آئندہ کابینہ کے اجلاس میں ملازمت کی تجویز بھی پیش کریں۔ محمد سراج بین الاقوامی کرکٹ میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور آج ان کا شمار دنیا کے نمایاں کرکٹرز میں ہوتا ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ جناب اے ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ میں قومی شاہراہوں کی تعمیر میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر سڑکوں کی تعمیر میں کوئی رکاوٹیں ہیں تو انہیں دور کیا جائے گا۔ نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا کے عہدیداروں سے منگل کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ان کی رہائش گاہ پر میٹنگ کی۔ ریاستی وزیر برائے عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، این ایچ اے آئی پروجیکٹس کے رکن انیل چودھری، آر اینڈ بی اسپیشل سکریٹری داسری ہری چندنا، سی ایم سکریٹری شاہنواز قاسم اور دیگر نے میٹنگ میں شرکت کی۔ عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کو حصول اراضی کے ساتھ سڑکوں کی تعمیر میں پیدا ہونے والے مختلف مسائل کے بارے میں بتایا۔ اس پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ مسائل کے حل کیلئے این ایچ اے آئی عہدیداروں کے ساتھ چہارشنبہ کو ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سکریٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے این ایچ اے آئی کے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ جن اضلاع میں سڑکیں بن رہی ہیں ان کے کلکٹر اور محکمہ جنگلات کے عہدیدار میٹنگ میں شرکت کریں گے اور متعلقہ مسائل پر تبادلہ خیال کریں گے اور وہاں کے مسائل کو حل کریں گے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے این ایچ اے آئی کے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ حیدرآباد اور منے گوڈا شاہراہ کے کاموں کو فوری طور پر شروع کیا جائے۔ وہ ٹھیکہ حاصل کرنے والی کمپنی سے بات کر کے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں حیدرآباد وجے واڑہ قومی شاہراہ کو فوری طور پر وسیع کرنے کا مشورہ دیا گیا۔ وہ اس معاملے میں آندھراپردیش حکومت کے ساتھ تال میل کے ساتھ آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے حیدرآباد وجئے واڑہ کے درمیان گرین فیلڈ ہائی وے کی منظوری کے لئے آندھراپردیش کی کوششوں کو حکام کے نوٹس میں لایا۔ وزیراعلیٰ نے این ایچ اے آئی کے عہدیداروں سے کہا کہ وہ علاقائی رنگ روڈ کی تعمیر میں تعاون کریں جسے تلنگانہ حکومت نے ترجیحی طور پر لیا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ مرکزی حکومت کی جانب سے بھارت مالا پروگرام کے تحت ریجنل رنگ روڈ کے کاموں کو شامل کرنے کا وزیراعظم مودی سے مطالبہ کیا گیا تھا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آؤٹر رنگ روڈ اور ریجنل رنگ روڈ کے درمیان 12 ریڈیل سڑکیں آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے درمیان کئی کلسٹرز اور سیٹلائٹ ٹاؤن شپ قائم کئے جائیں گے۔ چونکہ تلنگانہ کے پاس کوئی ساحل نہیں ہے، اس لیے ایک ڈرائی پورٹ قائم کیا جائے گا، اور اس کے لیے بندرگاہ کو جوڑنے کے لیے ایک تیز رفتار ایکسپریس وے تعمیر کرنے کی عہدیداروں کو تجویز دی۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، سنگاریڈی اور کاماریڈی کے مختلف علاقوں میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے روزآنہ جاری کی جانے والی موسمی رپورٹ میں بتایا کہ ریاست تلنگانہ کے تمام اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران طوفانی ہوائیں چلنے اور گرج چمک کا امکان ہے۔ ریاست تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کی وجہ سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے کچھ مقامات پر تیز بارش درج کی گئی۔

☆☆

وزیر پنچایت راج اور دیہی ترقیات دانا سری انوسویا عرف سیتا اکا نے آج اعلان کیا کہ ریاستی حکومت سلف ہلپ گروپس کو بینک کے ذریعہ اس سال خواتین انٹر پینرس کو بڑھاوا دینے کے لئے 20 ہزار کروڑ روپے کے قرض فراہم کرے گی۔ انہوں نے آج ملگو میں اندرا مہیلا شکتی کینٹین کا کلکٹریٹ کمپلیکس کے احاطہ میں افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ اس طرح کے چار کینٹین ضلع میں قائم کئے جائیں گے۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ می سیوا سنٹرس، ایونٹ مینجمنٹ فارمس، ڈیری فارمس، سولار یونٹس اور دیگر کاروباری وینچرس سیلف ہلپ گروپس کے تحت جلد ہی شروع کئے جائیں گے۔ اِس دوران انہوں نے ٹو وہیلرس اور ویل چیرس معذور افراد میں تقسیم کئے۔ محبوب آباد کے رکن پارلیمنٹ پی بلارام نائک، ڈسٹرکٹ کلکٹر ٹی ایس دیوا کر، اڈیشنل کلکٹر پی سریجا اور دیگر اس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ دسمبر 2025ء سے قبل کلوا کرتی لفٹ اریگیشن پراجکٹ کے کاموں کو تکمیل تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ آئندہ ہفتہ وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کے ساتھ پراجکٹس کے ضمن میں خصوصی جائزہ اجلاس منعقد کریں گے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ جنگی خطوط پر کاموں کو مکمل کریں۔ وزیر اعلیٰ نے آج متحدہ محبوب نگر علاقہ کا دورہ کیا اور مختلف ترقیاتی کاموں کے پروگراموں میں شرکت کی۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ نے مختلف مسائل سے متعلق بشمول پینے کا پانی، تعلیم صحت پر جائزہ اجلاس بھی منعقد کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ جاریہ اریگیشن پراجکٹ کے کاموں سے متعلق ہر ماہ جائزہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ عہدیدار اریگیشن پراجکٹ کا معائنہ کریں اور ایکشن پلان تیار کریں۔ وزیر اعلیٰ کی ہدایت کے مطابق پالمور و رنگا ریڈی لفٹ اریگیشن پراجکٹ کے کاموں میں بھی تیزی لائی جائے گی۔ قبل ازیں چیف منسٹر نے 396 کروڑ روپے کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا جس میں 42 کروڑ روپے کی لاگت سے پالمورو یونیورسٹی کے ترقیاتی کام ایم وی ایس ڈگری کالج کے دس کروڑ روپے کے کاموں کا سنگ بنیاد اور دیورا کدرا میں 6.10 کروڑ روپیوں کی لاگت سے سرکاری کالج کا قیام کے بشمول دیگر ترقیاتی کام شامل ہیں۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سابق وزیر کے تارک راما راؤ نے کانگریس پارٹی پر ایک بار پھر انحراف کی سیاست کا الزام لگایا۔ نئی دہلی میں آج میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے بی آر ایس پارٹی کے دیگر قائدین ہریش راؤ اور سریش ریڈی کے ہمراہ انہوں نے کانگریس پارٹی پر انحراف کی سیاست پر عمل اور اس کو فروغ دینے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ آندھرا پردیش کے دور سے ہی کانگریس پارٹی اس طرح کی سیاست پر عمل پیرا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ چھ گیارنٹیوں کا وعدہ کرتے ہوئے اقتدار میں آنے والی کانگریس پارٹی چھ گیارنٹیوں کو بھول کر بی آر ایس کے چھ ایم ایل اے اور چھ ایم ایل سیز کو اپنی پارٹی میں ضم کرلیا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ انحراف کے مسئلہ پر وہ دہلی میں قانونی اور دستوری ماہرین سے رابطہ کرتے ہوئے قانونی ایکشن کے بارے میں غور کررہے ہیں۔

☆☆☆

بلکم پیٹ ایلماں اماواری کلیانم تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے اور عقیدتمندوں نے اس موقع پر خصوصی پوجا کی۔ بی سی ویلفیر منسٹر پونم پربھاکر، جی ایچ ایم سی میئر وجئے لکشمی اور مرکزی وزیر کشن ریڈی نے خصوصی تقریب میں حصہ لیا۔ انڈومنٹ منسٹر کونڈا سریکھا نے اس موقع پر ریشمی ساڑی کا نذرانہ حکومت کی جانب سے پیش کیا۔ اِس تہوار کی خصوصی تقریب کا آج صبح سے آغاز ہوا۔ عقیدتمندوں کی سہولت کے لئے تمام انتظامات کئے گئے ہیں۔ کل شام اِس تہوار کی اہم تقریب کا اہتمام ہوگا جبکہ رتھ اتسوم کے ساتھ اس تہوار کا اختتام عمل میں آئے گا۔